Imams are the gateway to peace and enlightenment for all.

آل انڈیا تَنظَیم اَئِمّۂ مَسَاجِدُ (رجسٹرڈ)

All India Organisation of Imams of Mosques (Regd.)

A representative body of half a million Imams of India

مؤدبانہ اپیل

بابری مسجد حق ملکیت پر عدالت کا فیصلہ ہندوستان کی تاریخ کا اہم ترین فیصلہ ہے۔اس ہونے والے فیصلہ پر آج ملک کے ہر طبقہ کی نظریں مرکوز ہیں۔ ہر طرف خوف و دہشت کا ماحول ہے۔ایسی صورتحال کے پیش نظر آل انڈیا تنظیم ائمہ مساجد ملک کے تمام امن وانصاف پسند شہریوں بالخصوص ائمہ مساجد سے مؤدبانہ اپیل کرتی ہے کہ ملک کے امن وامان،فرقہ وارانہ ہم آہنگی،قومی یکجہتی اور گنگا جمنی تہذیب کو پامال ہونے کے امکان سے بچائیں۔آپ تمام اہل وطن سے گزارش ہے کہ شر پسند عناصر کو ایسا کوئی موقع فراہم نہ کریں جس سے ملک کو تباہی و بربادی سے دوچار ہونا پڑے۔3/اکتوبر سے قومی راجدھانی دہلی میں دولت مشترکہ کھیل شروع ہونے جارہا ہے جس میں دنیا بھر کے لوگ شرکت کرنے کے لئے قومی راجدھانی دہلی پہنچ رہے ہیں۔ایسے میں اگر بدامنی پھیلتی ہے تو پوری دنیا میں ہندوستان کی روشن شبیہ داغدار ہوگی اور ہم کسی بھی صورت میں یہ نہیں ہونے دینا چاہتے۔آل انڈیا تنظیم ائمہ مساجد ملک کے لاکھوں ائمہ مساجد سے اپیل کرتی ہے کہ وہ نماز جمعہ سے قبل عوام کو خطاب کرتے ہوئے امن وامان برقرار رکھنے کا پیغام دیں کیونکہ یہ ہمارا فرض اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔

منجانب

امام عمیر احمد الیاسی

صدر آل انڈیا تنظیم ائمہ مساجد

09811641786

Central Office : 2, Big City House, Masjid Kasturba Gandhi Marg, New Delhi-1100 01 (India)
Ph. : 23385777, 23385963, Mobile : 9811641786, 9873941067
Website : www.allindiaimamorganization.org
E-mail : moulanailyasi@gmail.com